تورا کینہ قاضی نے محمد عبداللہ عنان کی اس کتاب کا ترجمہ بڑے خوبصورت انداز میں کیا ہے۔ علم تاریخ کے ساتھ دلچسپی رکھنے والوں کے لیے یہ ایک مفید کتاب ہے جس میں عمرانیات کے بانی کے حالاتِ زندگی' کارناموں اور نظریات کو واضح کیا گیا ہے۔

(تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ)

## (۲)

نام کتاب : المصنفات فی الحدیث

مصنف : مولانا محمد زمان کلاچوی

ضخامت: 495 صفحات

ملنے کا پتہ: القاسم اکیڈمی' خالق آباد' ضلع نوشہرہ' صوبہ سرحد

مکتبہ سید احمد شہید' 10۔ الکریم مارکیٹ' اردو بازار' لاہور

یہ کتاب دراصل ''جامعہ العلوم الاسلامیہ'' بنوری ٹاؤن کراچی میں درجہ تخصص (پی ایچ ڈی) کے لیے پیش کیا جانے والا مقالہ ہے۔ یہ مقالہ وفاق المدارس العربیہ کے ناظم اعلیٰ مولانا محمد ادریس میرٹھی کی زیرنگرانی اور مولانا یوسف بنوری ؒ کی سرپرستی میں لکھا گیا۔ اس مقالہ کی علمیت کا اس بات سے بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ کس قدر عظیم شخصیت نے اس کی نگرانی اور سرپرستی فرمائی ہے۔

اصل مقالہ عربی زبان میں ہے۔ مصنف نے خود ہی اس کو اردو کے قالب میں ڈھالا ہے۔ کتاب کے آغاز میں علامہ محمد یوسف بنوری کی اس مقالہ کی کامیابی کی تحریر کا عکس ہے۔ مولانا مفتی محمد انور شاہ صاحب ؒ کی تقریظ بھی شامل ہے۔ فاضل مصنف نے ابتدا میں چند اہم علوم الحدیث سے متعلقہ موضوعات پر گفتگو فرمائی ہے۔ اس کے بعد ائمہ اربعہ کی تصانیف اور کتب ستہ کا تفصیلی تعارف کروایا ہے۔ اس کے بعد ہر صدی میں سامنے آنے والی کتب حدیث اور ان کے مؤلفین کا تعارف شامل ہے۔ اسی زمانی ترتیب سے دس صدیوں میں ہونے والی خدمتِ حدیث کے میدان میں علمی کاوشوں کو یکجا کر دیا ہے۔ اس دور کی اکثر کتابوں کا تذکرہ اس کتاب میں جمع ہو گیا ہے جن کی مجموعی تعداد ۲۵۴ ہے۔

موجودہ دور میں جس طرح متجددین اور مستشرقین کی طرف سے حدیث پر حملے ہو رہے ہے

ہیں ایسے میں یہ کتاب خصوصی اہمیت کی حامل ہے۔ بالخصوص جب حدیث کو عجمی سازش اور بعد کے راویوں کی اختراع قرار دیا جا رہا ہے۔ یہ کتاب ایسے الزامات کا ایک عمدہ جواب ہے۔ اللہ تعالیٰ نے کس طرح دس صدیوں میں حفاظت حدیث کا کام محدثین کرام کے نفوسِ قدسیہ سے کروایا اور یہ سلسلہ پہلے سے بڑھ کر شان و شوکت سے جاری ہے۔

فاضل مصنف نے کتب کو زمانی ترتیب سے جمع فرمایا ہے۔ اگر وہ یہ اصول کتاب کی ابتدا میں بھی رکھتے تو زیادہ بہتر تھا۔ کتاب حدیث اور محدثین کے متعلق ہے‘ اس لیے آغاز میں ائمہ کرام کی کتب کو پیش کرنا بے ربط سا محسوس ہوتا ہے۔ دوسرے اس سے اپنے فقہی رجحان کو غالب کرنے کی کوشش بھی نمایاں طور پر محسوس ہوتی ہے۔

ہر مسلمان کو محدثین کرام کی گراں قدر خدمات سے آگاہ رہنے کے لیے اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہیے‘ جن کے عظیم سرمائے پر فخر کرنے میں مسلمان حق بجانب ہیں۔ کتاب کی جلد مضبوط اور ٹائٹل خوبصورت ہے۔ (تبصرہ نگار: مرزا عمران حیدر)


**www.tanzeem.org**

پر ملاحظہ کیجیے:

☆ تنظیم اسلامی کا تعارف

☆ بانی تنظیم اسلامی محترم ڈاکٹر اسرار احمد کا مکمل دورۂ ترجمۂ قرآن

☆ بانی تنظیم اسلامی اور امیر تنظیم اسلامی کے متفرق خطابات

☆ تلاوتِ قرآن‘ دروسِ قرآن‘ دروسِ حدیث اور خطاباتِ جمعہ

☆ صحیح بخاری‘ صحیح مسلم‘ موطا امام مالک اور اربعین نوویؒ کے تراجم

☆ میثاق‘ حکمت قرآن اور ندائے خلافت کے تازہ اور سابقہ شمارے

☆ اردو اور انگریزی کتابیں

☆ آڈیو/ویڈیو کیسٹس/سی ڈیز اور مطبوعات کی مکمل فہرست


© rasailojaraid.com